13243 ۔ طلاق کے کچھ اسباب

سوال

آپ کے نظرمیں طلاق کے اسباب کیا ہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

طلاق کے اسباب بہت ہیں جن میں سے کچھ مندرجہ ذیل ہیں :

خاوند اوربیوی کے درمیان عدم موافقت ، وہ اس طرح کہ کسی ایک کی طرف سے دوسرے کے لیے محبت نہ ہو ، یا پھر دونوں ہی ایک دوسرے سے محبت نہ کریں ۔

۔ عورت کا بداخلاق ہونا ، یا پھرنیکی اوربھلائی کے کاموں میں خاوند کی سمع واطاعت نہ کرنا ۔

۔ خاوند کا بداخلاق ہونا اورعورت پرظلم وزیادتی اورناانصافی کرنا ، اوربیوی کے حقوق کی ادائیگی نہ کرسکنا ۔

۔ بیوی اپنے خاوند کے حقوق ادا نہ کرسکتی ہو ۔

۔ دونوں میں سے کسی ایک کا معصیت وگناہ میں مبتلا ہونا یا پھر دونوں ہی گناہ میں ملوث ہوں ، جس کی بنا پر ان کے حالات بگڑ جائيں ، جس کے نتیجے میں طلاق ہوجائے ۔

مثلا خاوند نشہ کا عادی ہویا پھر سگرٹ نوش ، یا بیوی نشہ کرتی ہواورسگرٹ نوش ہو ۔

۔ بیوی اورساس سسر یا پھر ان میں سے کسی ایک کے ساتھ بہو کے معاملات خراب ہوں ، اوروہ ان کے معاملہ میں کوئی حکمت بھری سیاست نہ کرسکے ۔

۔ بیوی کا خاوند کے لیے صاف ستھرااور بن سنور کرنہ رہنا اوراچھا لباس اورخوشبواستعمال نہ کرنا ، اسی طرح اچھی اور محبت بھری کلام نہ کرنا ، ہشاش بشاش چھرے سے نہ ملنا وغیرہ ۔

واللہ اعلم .